13اکتوبر2016ء

مالی سال17ء کے پہلے تین ماہ میں کارکنوں نے4.7ارب ڈالر کی ترسیلات بھیجیں

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے مالی سال 17ء کے پہلے تین مہینوں (جولائی تا ستمبر) میں 4698.31ملین امریکی ڈالر وطن بھجوائے جبکہ گذشتہ برس کی اسی مدت میں 4965.81 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

ستمبر 2016ء کے دوران کارکنوں کی ترسیلات زر کی مالیت 1609.29ملین ڈالر تھی جو کہ اگست 2016ء کے مقابلے میں 8.6فیصد کم اور ستمبر 2015ء کے مقابلے میں 9.34فیصد پست ہیں۔ بلحاظ ملک ستمبر 2016ء کی تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں (بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب 437.87ملین ڈالر، 361.89ملین ڈالر، 210.82 ملین ڈالر، 210.18ملین ڈالر، 182.16ملین ڈالر، اور 43.6 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے جبکہ ستمبر 2015ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب 483.21 ملین ڈالر، 428.13 ملین ڈالر، 260.43ملین ڈالر، 233.27 ملین ڈالر، 201.34ملین ڈالر اور 33.31 ملین ڈالر تھیں۔ ستمبر 2016ء کے دوران ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 162.77ملین ڈالر رہیں جبکہ ستمبر 2015ء میں ان ملکوں سے 135.46ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

☆☆☆